| مضمون: | اردو | جماعت: | نرسری | موضوع: | حرف ’ز‘ | دن: | پہلا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت 40 منٹ | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہو سکیں گے کہ حرف ’ز‘ کا درست تلفظ پہچان سکیں۔ درست ساخت بناوٹ سے ’ز‘ لکھ سکیں۔ حرف ’ز‘ سے شروع ہونے والے الفاظ پہچان سکیں۔ | **دہرائی:**<br>بچوں کو ’حروف تہجی اردو کے‘ نظم سنائی جائے گی۔ اور ’ا سے لے کر ’ڑ‘ تک کا درست تلفظ، صوتی آواز اور اشیاء پوچھی جائیں گی۔ | 5 منٹ | فلیش کارڈ | بچوں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا حرف ’ز‘ کی پہچان آواز اور اس سے شروع ہونے والے الفاظ کی نشاندہی پر۔ |
| | **تعارف:**<br>بچوں کو بتایا جائے گا کہ ’ز‘ بھی شرارتی نو ہے اس کی آدھی شکل نہیں ہوتی یہ حروف تہجی کا سترھواں حرف ہے۔ اس کی صوتی آواز بتائی جائے گی۔ بچوں کو بتایا جائے گا کہ آج ہم حرف ’ز‘ درست تلفظ سے بولنا سیکھیں گے اور حرف ’ز‘ کے ذخیرہ الفاظ زخم، زیتون، زرافہ، زیبرا، زنجیر، زبان، زردی اور زمین کے بار میں جانیں گے بچوں کو بتایا جائے گا ’ز‘ کے اوپر ایک نقطہ آتا ہے۔ تختہ سیاہ/سفید پر لکیر کھینچ کر بچوں کو حرف ’ز‘ لکھنے کا طریقہ بتایا جائے گا۔ اور باری باری بچوں کو بلا کر حرف ’ز‘ لکھنے کا کہا جائے گا۔ | 10 منٹ | | |
| | **مرکزی سرگرمی:**<br>بچوں کو کتاب صفحہ نمبر 34 کھولنے کو کہا جائے گا۔ کہ حرف ’ز‘ پر انگلی پھیریں۔ حرف ’ز‘ سے شروع ہونے والے الفاظ بتائے جائیں گے اور آواز کی بار بار دہرائی کروائی جائے گی۔ بچوں کو ورک شیٹ دی جائے گی جس میں وہ کاغذ کے چھوٹے ٹکڑے حرف ’ز‘ پر چسپاں کریں گے۔ | 20 منٹ | کتاب صفحہ نمبر 34<br>ورک شیٹ کاغذ کے ٹکڑے گلو | |
| | **اختتامیہ:**<br>بچوں سے حرف ’ز‘ کی صوتی آواز اور درست تلفظ پوچھا جائے گا۔ | 5 منٹ | | |

| مضمون: | اردو | جماعت: | نرسری | موضوع: | حرف 'ز' | دن: | دوسرا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت 40 منٹ | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہو سکیں گے کہ حرف 'ز' کا درست تلفظ پہچان سکیں۔ درست ساخت بناوٹ سے 'ز' لکھ سکیں۔ حرف 'ز' سے شروع ہونے والے الفاظ پہچان سکیں۔ | **دہرائی:**<br>بچوں کو ''حروف تہجی اردو کے'' نظم سنائی جائے گی اور 'ز' کا فلیش کارڈ دکھا کر اس کا درست تلفظ، صوتی آواز پوچھی جائے گی۔ | 5 منٹ | اشیاء فلیش کارڈ<br>حرف فلیش کارڈ | بچوں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا حرف 'ز' کی پہچان آواز اور اس سے شروع ہونے والے الفاظ کی نشاندہی پر۔ |
| | **تعارف:**<br>بچوں کو 'ز' کے ذخیرہ الفاظ کی فلیش کارڈ / پی پی ٹی کے ذریعے دہرائی کروائی جائے گی۔ بچوں کو بتایا جائے گا کہ آج ہم زخم کے بارے میں بات کریں گے۔ بچوں کو بتایا جائے گا کہ جب آپ کو کوئی چوٹ لگتی ہے اور اُس سے خون نکلنے لگتا ہے۔ اُس کو ہم زخم کہتے ہیں ۔ بچوں سے پوچھا جائے گا کہ جب آپ کو کوئی زخم ہوتا ہے تو آپ کیا کرتے ہیں۔ بچوں سے ہوا یا جلد پر انگلیوں کی مدد سے حرف 'ز' کی شکل بنوایئے اور بار بار دہرائی کروایئے۔ | 10 منٹ | | |
| | **مرکزی سرگرمی:**<br>'ا سے لے کر ز' تک حروف کے فلیش کارڈ ٹوکری میں رکھ دیں۔ چند بچوں کو بلایئے اور کہیے کہ ہر بچہ ایک ایک حرف نکالے۔ حروف تہجی کا گیت گاتے ہوئے ہر بچے سے کہے کہ باری باری آئیں اور بورڈ پر ا سے لے کر ز تک تمام حروف ترتیب سے لگا دیں۔ جب 'ڑ' پر پہنچیں تو بچوں سے پوچھیے کہ اگلا حرف کون سا ہے۔ درست جواب ملنے کے بعد 'ز' کا فلیش کارڈ بورڈ پر لگائیں بچوں کو 'ز' کی ورک شیٹ دی جائے گی جس میں 'ز' سے بنی ہوئی چیزوں میں رنگ بھریں گے۔ | 20 منٹ | ورک شیٹ | |
| | **اختتامیہ:**<br>بچوں کو کہا جائے گا کہ ہوا میں حرف 'ز' لکھنے کی مشق کریں۔ | 5 منٹ | | |

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مضمون: | اردو | جماعت: | نرسری | موضوع: | حرف 'ز' | دن: | تیسرا |

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت 40 منٹ | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہوسکیں گے کہ حرف 'ز' کا درست تلفظ پہچان سکیں۔ درست ساخت بناوٹ سے 'ز' لکھ سکیں۔ حرف 'ز' سے شروع ہونے والے الفاظ پہچان سکیں۔ | **دہرائی:**<br>بچوں کو 'حروف تہجی اردو کے' نظم سنائی جائے گی اور 'ز' کا فلیش کارڈ دکھا کر اس کا درست تلفظ، صوتی آواز پوچھی جائے گی۔<br>**تعارف:**<br>بچوں کو بتایا جائے گا کہ آج ہم زیتون کے بارے میں بات کریں گے۔ بچوں کو زیتون کا فلیش کارڈ یا پھل دکھایا جائے گا اور اُن کو بتایا جائے گا کہ یہ زیتون ہے۔ اس کو جنت کا پھل کہتے ہیں۔ بچوں سے پوچھا جائے گا کس کس نے زیتون کھایا ہے۔ بچوں کو بتایا جائے گا کہ زیتون دو رنگوں میں ہوتا ہے۔ ایک سبز اور ایک کالا بچوں کو بتایا جائے گا کہ زیتون کا تیل بھی ہوتا ہے۔ اور یہ دونوں ہمارے لیے بہت صحت بخش ہوتے ہیں۔ بچوں سے کہیے کہ وہ آپ کی نقل کرتے ہوئے انگلیوں سے ہوا میں 'ز' بنائیں اور یہ عمل تین سے چار بار دہرائیں۔<br>**مرکزی سرگرمی:**<br>بچوں سے کہیے 'ز' سے شروع ہونے والی چیزوں کے نام بتائیں۔ ان کے جوابات بورڈ پر تحریر کر دیئے جائیں۔ ہر لفظ میں حرف 'ز' کے گرد دائرہ بنا دیں۔ بچوں کو ورک شیٹ دی جائے گی جس میں زمیں میں رنگ بھریں گے اور 'ز' پر پینسل پھیریں گے۔<br>**اختتامیہ:**<br>بچوں کو زبان، زرافہ، زیبرا کے فلیش کارڈ دکھا کر ان کے نام پوچھے جائیں گے بچوں سے پوچھا جائے گا کہ کیا وہ کوئی اور لفظ بنا سکتے ہیں جو 'ز' سے شروع ہوتا ہے۔<br>**گھر کا کام:**<br>ورک شیٹ میں 'ز' کے گرد دائرہ لگائیں اور حرف 'ز' پر پینسل پھیریں۔ | 5 منٹ<br>10 منٹ<br>20 منٹ<br>5 منٹ | اشیاء فلیش کارڈ<br>حرف فلیش کارڈ<br>زیتون پھل اور فلیش کارڈ<br>ورک شیٹ | بچوں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا حرف 'ز' کی پہچان آواز اور اس سے شروع ہونے والے الفاظ کی نشاندہی پر۔ |

| مضمون: | اردو | جماعت: | نرسری | موضوع: | حرف 'ز' | دن: | چوتھا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت 40 منٹ | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہوسکیں گے کہ حرف 'ز' کا درست تلفظ پہچان سکیں۔ درست ساخت بناوٹ سے 'ز' لکھ سکیں۔ حرف 'ز' سے شروع ہونے والے الفاظ پہچان سکیں۔ | **دہرائی:**<br>بچوں کو 'حروف تہجی اردو کے' نظم سنائی جائے گی اور 'ز' کا فلیش کارڈ دکھا کر اس کا درست تلفظ، صوتی آواز پوچھی جائے گی۔ | 5 منٹ | فلیش کارڈز | بچوں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا حرف 'ز' کی پہچان آواز اور اس سے شروع ہونے والے الفاظ کی نشاندہی پر۔ |
| | **تعارف:**<br>بچوں کو بتایا جائے گا کہ آج ہم 'ز' کے مزید الفاظ جانیں گے۔ بچوں کو فلیش کارڈ کے ذریعے زنجیر، زبان، زردی اور زمین دکھائے جائیں گے۔ اوران کی ابتدائی آواز پوچھی جائے گی۔ | 10 منٹ | | |
| | **مرکزی سرگرمی:**<br>بچوں کو 'ز' کے تین کٹ آؤٹس نقطوں اور ط کے کٹ آؤٹس دیئے جائیں گے۔ بچوں کو کہا جائے گا تینوں رکٹ آؤٹ کو میز پر رکھیں اور ترتیب سے جہاں پر نقطہ آتا ہے۔ وہاں نقطہ لگائیں جہاں ط آنی ہے وہاں ط لگائیں اور جہاں کچھ نہیں آنا وہاں کچھ مت لگائیں اور اُن کی ترتیب تلفظ اور صوتی آواز بتائیں جیسے ر، ڑ، ز۔<br>بچوں سے کتاب صفحہ نمبر 35 کھولنے کو کہا جائے گا۔ دی گئی تصاویر کے نام پوچھے جائیں گے۔ بچوں سے پوچھا جائے گا کہ آپ کون سا حرف سیکھ رہے ہیں۔ بتائیے۔ بچوں کو کہا جائے گا کہ حرف 'ز' کو اس سے شروع ہونے والے الفاظ سے ملایئے اور نیچے دی گئی 'ز' کی درست بناوٹ پر پینسل پھیریے اور لکھیے۔ | 20 منٹ | کٹ آؤٹس<br>(ر)<br>نقطے (ط)<br><br>کتاب صفحہ نمبر<br>35 | |
| | **اختتامیہ:**<br>تختہ سیاہ/ سفید پر لکیر کھینچ کر 'ز' کی مشق کروائیں۔ | 5 منٹ | | |

| مضمون: | اردو | جماعت: | نرسری | موضوع: | حرف 'ز' | دن: | پانچواں |
|---|---|---|---|---|---|---|---|

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت 40 منٹ | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہوسکیں گے کہ حرف 'ز' کا درست تلفظ پہچان سکیں۔ درست ساخت بناوٹ سے 'ز' لکھ سکیں۔ حرف 'ز' سے شروع ہونے والے الفاظ پہچان سکیں۔ | **دہرائی:**<br>بچوں کو 'ز' کے تمام الفاظ فلیش کارڈ دکھا کر ان کی ابتدائی آواز اور اشیاء کے نام پوچھے جائیں گے۔ | 3 منٹ | فلیش کارڈ | بچوں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا حرف 'ز' کی پہچان آواز اور اس سے شروع ہونے والے الفاظ کی نشاندہی پر۔ |
| | **تعارف:**<br>بچوں کو بتایا جائے گا کہ آج ہم زرافہ اور زیبرا کے بارے میں بات کریں گے۔ بچوں سے پوچھا جائے گا اُنہوں نے یہ دونوں جانور کہاں دیکھے ہیں۔ بچوں سے ان جانوروں کے رنگوں کے بارے میں پوچھا جائے گا اور ان دونوں جانوروں میں سے کسی کی گردن لمبی ہوتی ہے؟ یہ کیا کھاتے ہیں؟ بچوں کو بتایا جائے گا کہ زرافہ اور زیبرا کی ابتدائی آواز ایک ہی ہے۔<br>بچوں کو Sand Tray دے کر حرف 'ز' کی درست بناوٹ کی مشق کروائی جائے گی۔ | 5 منٹ | Sand Tray | |
| | **مرکزی سرگرمی:**<br>بچوں سے کاپی میں حرف 'ز' لکھنے کو کہا جائے گا۔ ہر بچے کی انفرادی طور پر نگرانی کی جائے گی۔ تاکہ وہ مقررہ وقت میں اپنا کام مکمل کر سکے۔ | 30 منٹ | کاپی ورک | |
| | **اختتامیہ:**<br>بچوں سے 'ز' کی صوتی آواز اور اُس سے شروع ہونے والی اشیاء کے نام پوچھے جائیں گے۔<br>**گھر کا کام:**<br>کاپی میں حرف 'ز' لکھیں۔ | 2 منٹ | | |